What do I need to know if my child is expelled?

Parent/carer information

# اگر میرے بچے کو سکول سے خارج کر دیا جائے تو مجھے کیا علم ہونا ضروری ہے؟

## والدین/کیئررز کے لیے معلومات

### اخراج کا کیا مطلب ہے؟

اخراج سے مراد یہ ہے کہ پرنسپل اور ڈائریکٹر ایجوکیشنل لیڈرشپ کسی طالبعلم کو یہ بتائیں کہ اسے سکول سے نکلنا ہو گا اور اس کا واپس آنا منع ہے۔ اخراج ایک سنگین معاملہ ہے۔ اخراج کے فیصلے سے پہلے آپ کے بچے کی مدد کی تمام تر کوشش کی جانی چاہیے۔

پرنسپل دو وجوہ سے طالبعلموں کو خارج کر سکتے ہیں:

- طالبعلم سنگین تشویشناک طرز عمل کا مظاہرہ کرتا ہو اور اس کا طرز عمل سنبھالنے کے منصوبے ناکام رہے ہوں۔
- طالبعلم کی عمر 17 سال یا اس سے زیادہ ہو اور وہ تعلیم میں شریک نہ ہوتا ہو۔

پرنسپل اس بارے میں سوچے گا کہ سکول نے آپ کے بچے کی ضروریات اور پس منظر کو سامنے رکھتے ہوئے اس کی تعلیم کے لیے کیسے مدد دی ہے، اور وہ اس کے بعد ہی اخراج کا فیصلہ کرے گا۔

اخراج سے پہلے پرنسپل آپ سے رابطہ کر کے آپ کو بتائے گا کہ وہ آپ کے بچے کو سکول سے خارج کرنے پر غور کر رہا ہے۔ وہ ممکنہ اخراج کا تحریری نوٹس جاری کرے گا اور آپ اور آپ کے بچے کو میٹنگ میں بلا کر اس کی وجوہ بتائے گا اور یہ بتائے گا کہ آپ کے بچے کے اخراج کی صورت میں کیا ہو گا۔آپ اس میٹنگ میں اپنے سہارے کے لیے کسی مددگار کو ساتھ لا سکتے ہیں۔ مددگار آپ اور/یا آپ کے بچے کو جذباتی یا عملی سہارا دے سکتا ہے۔

تحریری نوٹس کی تاریخ سے آپ کو سات تعلیمی دنوں کی مہلت حاصل ہو گی تاکہ آپ سکول کو جواب دیں اور بتائیں کہ کن وجوہ سے آپ کے بچے کو سکول سے خارج نہیں کیا جانا چاہیے۔ پرنسپل فیصلہ کرنے کے عمل میں اس جواب کو استعمال کرے گا۔

### اگر میرے بچے کو سکول سے خارج کر دیا جائے تو کیا ہو گا؟

پرنسپل اور ڈائریکٹر ایجوکیشنل لیڈرشپ مل کر فیصلہ کریں گے کہ آیا ایک طالبعلم کو خارج کیا جانا چاہیے۔ طالبعلم کے اخراج کے فیصلے کے بعد 24 گھنٹوں کے اندر پرنسپل طالبعلم اور اس کے والدین یا نگرانوں کو بتانے اور NSW ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن کو اطلاع دینے کا پابند ہے۔

اگر آپ کے بچے کی عمر 17 سال سے کم ہے اور اسے اس کے طرز عمل کی وجہ سے خارج کیا گیا ہے تو پرنسپل کو 15 دنوں کے اندر کوئی نیا سکول یا کوئی اور ماحول تلاش کرنا ہو گا جہاں تعلیم جاری رہ سکے۔

اگر آپ کے بچے کی عمر 17 سال یا اس سے زیادہ ہے تو آپ اور آپ کے بچے کو تعلیم جاری رکھنے یا کام شروع کرنے کے مواقع تلاش کرنے چاہئیں۔

### مجھے سکول سے کونسی معلومات مل سکتی ہیں؟

آپ سکول سے اس بارے میں مزید معلومات مانگ سکتے ہیں کہ کیا ہوا ہے اور کیوں ہوا ہے۔ سکول کو چاہیے کہ آپ کو اپنے فیصلوں کی وجہ بتائے اور یہ بتائے کہ کونسے ایکشن لیے جائیں گے اور اگر آپ کو کوئی مسئلہ ہو تو آپ کیا کر سکتے ہیں۔

### کیا میں اخراج پر اپیل کر سکتا/سکتی ہوں؟

ہاں، اگر آپ کے خیال میں پرنسپل اور ڈائریکٹر ایجوکیشنل لیڈرشپ نے غیر منصفانہ فیصلہ کیا ہو یا درست طریق کار پر عمل نہ کیا ہو۔ اپیلز وسیلہ دیکھیں۔

اپنے بچے کے لیے آواز اٹھانے کے متعلق معلومات دستیاب ہیں، اور سکول کمیونٹی چارٹر کے متعلق بھی معلومات دستیاب ہیں جو سکول کے ساتھ بات چیت کے طریقے واضح کرتا ہے۔

### میں شکایت کیسے کروں؟

اگر اخراج، کیے گئے فیصلے یا دی گئی مدد کے متعلق آپ کو کوئی تشویش ہو تو براہ مہربانی شکایت کرنے کے متعلق مزید معلومات کے لیے ویب سائیٹ دیکھیں۔

### ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس

اگر آپ سکول سے رابطہ کرنا چاہتے ہوں اور آپ کو انگلش زبان کے لیے مدد کی ضرورت ہو تو براہ مہربانی 450 131 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو کال کریں، انہیں اپنی مطلوبہ زبان بتائیں اور آپریٹر سے سکول کو فون کرنے کے لیے کہیں۔ آپریٹر لائن پر ایک انٹرپریٹر مہیا کر دے گا جو بات چیت میں آپ کی مدد کرے گا۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔